مجربات
حکیم عبدالکریم آزاد
(الطب والکیمیاء گروپ)
کتب خانہ طبیب

سنیاسی داب کا راز

محنتی طالب علموں کے لیئے

نمک سیشہ ایک پاوان بجھ چونا ایک پاوان کو دو کلو پانی میں بھگو دیں تین دن تک لکڑی روزانہ پھیرتے رھیں پھر اس کا ذلال لیکر آگ پر نمک حاصل کریں اب دوبارہ اس نمک کو پانی سے حل کر کے تین دن بعد نمک نکالیں اس طرح تین عمل کریں پھر دو سو پیکے پتے مدار کے صاف کر کے روغن بیدانجیر سے تر کر کے نمک اس کے درمیان رکھ کر و بند گل کر کے تیس کلو کی آگ دیں پھر اس نمک کو شیر مدار ڈبل وزن سے کھرل کر کے بند گل کر کے تیس کلو کی آگ دیں نمک قائم ھو گا

فوائد نمک:: دافع ضعیفی ھاضم ھے کمی اشتھاء مقوی معدہ اعلی درجہ کا ھے بلحاص اہل صنعت کی جان ھے

اب اس نمک سے سو گرام قلمی شورہ اصلی پگلا کر اس کی چٹکیاں دیں اس طرح جب شورہ خشک ھو تو بس کریں اور اچھی طرح چرخہ کر اتار لیں فوائد شورہ:: درد گردہ سوزاک پھتری کا تریاق ھے

سوہاگہ تیلیہ بنانا پانچ تولا سوہاگہ کو شیر مدار سے کھرل کر کے تشویہ دیں خیال رھے سوہاگہ پھولنے نا پائے اس طرح تشویہ دیتے جائیں جب پھولنا بند ھو اور تیل ھونا شروع ھو تو تیار ھے

فوائد سوہاگہ ::اس محلول سوہاگہ کو تیلیہ سوھاگہ کہتے ھیں اعمال صنعت میں بہت اھم سمجھا جاتا ھے بدن کے دردوں میں کام کا ھے

اب سوہاگہ دو تولا زید البحر دو تولا دونوں کو اچھی طرح کھرل کر کے رکھیں اب شورہ کو کھرل کر کے سوہاگہ کھرل شدہ اس میں شامل کریں اور کھرل کر کے یکذات کریں پھر ::ماءالمعروف:: کا ایک ایک قطرہ اس میں ڈال کر کھرل کریں یہاں تک کے یے کھل کر محلول بن جائے تو اس کو ہلکی آگ پر تین گھنٹے ریتجنتر پکائیں اور اس طرح اس کو خشک کریں جب خشک ھو تو تیار سمجھیں

::فوائد::اس داب میں گرہ سیماب سے لیکر ھر روحی اشیاء قائم النار بن جاتی ھے

اس کو محلول کر کے اس میں گرہ سیماب پکائیں تو وہ قایئم النار ھو کر پختا بن جاتی ھے

اس سے آگے اہل فن اچھی طرح واقف ہیں

:: عبدالکریم آزاد ::

July 9 at 8:34am

سنیاسی راز

کشتہ کرسٹل نیلا

سم الفار ایک تولا

کافور ایک تولا

ان کو اچھی طرح کھرل کریں پھر اصل خالص شہد سے کھرل کر کے لیپ بنا کر پترا نما ڈلی پر لیپ کر کے دو کلو نمک لاھوری کے درمیان رکھ کر کسی فکس کوزہ میں پھر اس کو چوبیس گھنٹے درمیانی آگ پر پکائیں چوبیس گھنٹے بعد اسی ترکیب سے دوبارہ پکائیں اس طرح تین عمل کریں بلا ز نگار نیلا ملے گا تمام خواص کا حامل کشتہ بنتا ھے مزید اہل فن اس کے خواص سے واقف ہیں

استعمال خوراک: نصف چاول ہمراہ مکھن پچاس گرام

فوائد: بواسیر پر میل زخم ناسور بھگندر پھوڑے پرانے زخم قوت باہ

نوٹ: اگر سم الفار قائم سے بنایا جائے تو مزید بہترین بنے گا

:: عبدالکریم آزاد ::

July 16 at 8:25am

نسخہ بواسیر اکسیری صفت کا حامل

ایلوا دو تولا

رسونت سات تولا

تخم نمولی پانچ تولا

چاکسو بریاں چار تولا

گگل چار تولا

مٹی کتھ چار تولا

ریٹھہ چھار چار تولا

اجوئن دیسی تین تولا

سیاہ مرچ تین تولا

ہینگ مدبر دو تولا

ان سب کا سفوف بنا کر آب مولی یا کنوار گندل کے رس سے کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں

::استعمال دو گولی صبح نشتہ کے بعد دو گولی رات کھانے کے بعد پانی سے

::نسخہ مرھم بواسیر

پارہ دو تولا

آملہ سار ایک تولا

گندرف ایک تولا

مرداسنگ ایک تولا

ان سب کو اچھی طرح کھرل کر کے کجلی کریں اور اس میں تین گرام کافور ڈالکر کھرل کر کے محفوظ رکھیں

استعمال دو گرام سفوف لیکر ھیڈ نسا کریم یا ٹرنولین کریم میں ڈال کر اچھی طرح مکس کر کے روزانہ ایک بار لگائیں::

::فوائد::خونی و بادی بواسیر میں بیحد مفید ھے

نوٹ::مرھم داد چنبل زخم ناسور وغیرہ میں بھی مفید ھے

:: عبدالکریم آزاد ::

July 18 at 6:50pm

الطب والکیمیا جدید

نسخہ سوزاک کے لیے

کباب چینی پانچ تولا

قلمی شورہ ایک تولا

ان دونوں کا باریک سفوف بنالیں

اس سفوف میں پانچ گرام روغن بہروزہ ڈال کر کھرل کریں

دو گرام روغن صندل ڈال کر کھرل کریں

پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھریں

استعمال خوراک ایک ایک کیپسول صبح شام پانی سے

فوائد: : پر میل سوزاک مثانہ کے زخم و گرمی میں بیحد مفید ھے

:: عبدالکریم آزاد ::

July 20 at 10:16am

الطب والکیمیا جدید

کشتہ تامیشور (تانبہ)

عبدالکریم آزاد 21 جولائی 2017

تامیشور کا دو تولا کا پترہ لیں

سرس درخت کے کچے پتے آدھا کلو رگڑ کر اس میں تین چار گلاس لسی ڈال کر اچھی طرح مکس کر کے کپڑے سے چھان لیں اور مقطر لیں اس پانی کو چینی کے بڑے پیالا میں ڈالیں

پترہ کو گرم کر کے اس پانی میں پچاس بجھاؤ دیں نیچے پیالا کے اندر سرخ رنگ کا برادہ ملے گا اسے اس پانے سے نتھار کر صاف کریں

کنیر سفید کے پھول ایک پاؤ کا لغدہ بنا کر اس میں برادہ تامیشور رکھ کر بند گل کر کے بیس کلو کی آگ دیں اس طرح تین عمل کریں بے ضرر سفید کشتہ ملے گا کھرل کر کے محفوظ رکھیں

استعمال خوراک نصف چاول سے چاول تک ھمراہ مکھن سے مریض کی طاقت دھیان میں رکھ کر دیں

::فوائد

قوت باہ- سلھ بلغمی- کھانسی ہر قسم کی-دمہ- بلغم کے امراض-

مطلب تینوں خلط کی بیماریوں پر فائدہ مند ھے دینے والے کی عقل پر ھے-

الطب والکیمیاجدید

نسخہ جسم کے دردوں سے نجات

پہلی خوراک سے جسم کادرد ختم ہو جاتا ہے

اسگند تین تولا

موچرس تین تولا

میتھی دانہ تین تولا

سونٹھ تین تولا

ھینگ صاف دوتولا

ان سب کا باریک سفوف بناکرر کھیں

استعمال خوراک۔ پانچ سو ملی گرام کاایک کیپسول روزانہ رات کو کھانے کے بعد پانی سے کھائیں درد کو بھگائیں

فوائد:: ہر قسم کے ھڈیوں کے درد جوڑو کمر کے درد کا مکمل علاج ھے

نوٹ:: بلڈپریشر کے مریض۔دوتولا ملٹھی کااضافہ کر کے استعمال کر سکتے ہیں

:: عبدالکریم آزاد :: July 23 at 10:19am

نسخہ پتھری گردہ و مثانہ

الائچی دانہ کلاں ایک تولا

نوشاندر ایک تولا

خارخشک ایک تولا

مصری ایک تولا

دالچینی ایک تولا

ان سب کا سفوف بنالیں

سنگ سرمائی باریک کھرل کیا ہوا ایک تولا

کشتہ حجرالیہود ایک تولا

اس سفوف میں مکس کرکے رکھیں

استعمال خوراک دو گرام صبح شام تازہ پانی سے

فوائد:: گردہ و مثانہ کی پتھری ریزہ ریزہ بن کر نکلتی ھے درد گردہ میں مفید ھے

:: عبدالکریم آزاد :: July 25 at 9:31am

نسخہ شنگرف سنیاسی

شنگرف تین تولا کی ڈلی کو دس تولا خالص شہد کے چویہ دیں

آملا سار ایک تولا

پھٹکڑی ایک تولا

ان کو باریک کھرل کر کے انڈے کی سفیدی سے کھرل کر کے لیپ بنا کر شنگرف کے اوپر لگائیں

اوپر ایک تہہ کپڑا لپیٹ دیں

سیندہ نمک دس تولا کھرل کر کے کسی فکس کو ٹھالی میں رکھیں درمیان میں شنگرف رکھیں اور ریت

جنتر ہلکی آگ پر ایک پہر پکائیں

اس طرح نو عمل کریں

سم الفار سفید ایک تولا

کو آب پھٹگنڈہ ایک پاؤ کے تازہ پانی سے چویہ دیں

موم ہو گا

اس موم کو روغن تل پانچ تولا میں ہلکی آگ پر ریت جنتر پکائیں جب سارا موم حل ہو جائے تو اس روغن کا شنگرف کو چو یہ دیں

عمل مکمل ہو جائے تو اس شنگرف کو تین گھنٹے چاولوں میں دم دیں

اب تیار سمجھیں

کھرل کر کے محفوظ رکھیں

استعمال خوراک حسبِ طاقت کو مد نظر رکھکر دیں

نصف چاول ھمرہ مکھن

فوائد:

قوت باہ، بلغمی امراض، دمہ، فالج

:: جسم کے دردوں میں مفید ھے

عقل منداس میں کافی فائدے حاصل کر سکتا ھے

:: عبدالکریم آزاد ::

July 28 at 8:36am

نسخہ امساک

تخم انجرہ

جائو فل

اجوائن خراسانی

تخم دھتورہ سیاہ

سیاہ مرچ

سب برابر وزن کا سفوف بنا کر ست ڈوڈی ڈبل وزن سے کھرل کر کے سیاہ مرچ برابر گولیاں بنائیں

استعمال ایک سے دو گولیاں رات کو دودھ کے ساتھ استعمال کریں

فوائد جریان احتلام سرعت امساک

نزلہ حار گرمی سے ہونے والہ نزلہ میں بیحد مفید ھے

:: عبدالکریم آزاد :: July 31 at 9:16am

الطب والکیمیا جدید

دماغی اور اعصابی قوت کے لیئے

عبدالکریم آزاد 1 اگست 2017

بادام پانچ تولا

مغز سونف پانچ تولا

مغز دھنیا پانچ تولا

برھمی بوٹی پانچ تولا

مصری پانچ تولا

مغز تربوزہ پانچ تولا

مغز خربوزہ پانچ تولا

مغز کدو پانچ تولا

مغز کھیرہ پانچ تولا

ان سب کا سفوف بنالیں

استعمال خوراک تین گرام

رات کو سوتے وقت

نوٹ::اوپر پانی نا پیئیں

فوائد دماغ کو تقویت دیکر قوت حافظہ کو بڑھاتہ ھے

اعصابی وجسمانی کمزوری کو دور کرتا ھے

بالوں کو سفید ہونے سے روکتا ھے

کمزور نظر کو تیز کرتا ھے

آنکھوں کے آگے اندھیرہ سر چکرانا دل کی گھبراہٹ اور بوجھ کو کم کرتا ھے دائمی قبض میں بیحد مفید ھے

الطب والکیمیا جدید

کشتہ چاندی

برادہ چاندی ایک تولا

تین سو گرام دار چینی کا سفوف بنا کر بارہ حصہ کریں

ایک حصہ دار چینی کے درمیان برادہ چاندی رکھ کر ہلکی بند گل کر کے

ڈیڑھ کلو کی آگ دیں

اس طرح بارہ عمل کریں

چاندی کشتہ ہو گی

پیس کر رکھیں

استعمال خوراک دو چاول سے ایک رتی تک مکھن سے گیارہ روز تک

فوائد: جریان احتلام سرعت انزال باہ میں مفید ھے

دل کی خشکی گھبراہٹ کو اعتدال پر لاتا ھے

:: عبدالکریم آزاد ::

August 4 at 9:59am

الطب والکیمیا جدید

نسخہ اولاد نرینہ کے لیے صدری راز

کمر کس 6 گرام

مصری 6 گرام

کا سفوف بنا کر پانی کی مدد سے چنے برابر گولیاں بنالیں

استعمال خوراک

دو دو گولیاں

ایام حیض کے بعد رات کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں تین روز تک

ایک عدد الائچی کلاں صاف ثابت کو توے پر بریاں کر کے دانہ نکال کر پیس لیں حمل ٹھہرنے کے اسی 80 روز بعد روزانہ دودھ سے استعمال کریں چالیس روز تک صبح یا رات کو ایک ٹائم کھائیں

ان شاءاللہ-اولاد نرینہ پیدا ہو گی

:: عبدالکریم آزاد ::

August 5 at 8:52am

سنیاسی سرمہ

عبدالکریم آزاد 6 اگست 2017

تانبہ کا بلکل نیا برتن لیں اس برتن میں گائے کا دھی دس تولا بھر دیں اور اس کو دھوپ میں رکھیں دو تین روز میں خشک ہو گا اس سے سبز رنگ کا زنگار برامد ہو گا اس کو آھیستہ سے کھرچ لیں اور کھرل کریں

اب دس تولا سیاہ سرمہ لیکر اس کو کھرل سے باریک کھرل کریں اس باریک سرمہ میں ایک تولا برامد زنگار ڈالکر اچھی طرح کھرل کریں یکذات ہو تو اس میں ایک بوتل عرق گلاب کھرل کریں جب سب عرق کھرل ہو جائے تو اس میں ایک بوتل عرق سونف کھرل کریں جب سب عرق خشک ہو جائے تو تیار سمجھیں

استعمال ہلکی سلائی جھاڑ پھونک کر ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں کچھ دیر تک ہلکی جلن ہو کر گرم پانی نکلے گا

فوائد: دند جالا بند موتیا سفید موتیا قریب دور کی کمزور نظر کو دوبارہ بحال کرتا ھے چشمے کی ضرورت نہیں رہتی مطلب آنکھوں کے سب امراض میں بیحد مفید ھے

نوٹ: آپریشن والے افراد ہرگز استعمال نا کریں

کشتہ چاندی خاص الخاص

عبدالکریم آزاد 8 اگست 2017

کشتہ چاندی سنیاسی راز جس کی دو سے تین خوراکیں بوڑھوں کو کامل مرد بنائے

چاندی برادہ تیزابی ایک تولا

ایک تولا سم الفار

دونوں کو آب پھٹگنڈا کے پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے کے بعد بند گل کر کے ایک کلو کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکال کر دستور موجب سم الفار ڈال کر آب پھٹگنڈا سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر بند گل کر کے ڈیڑھ کلو کی آگ دیں

اسی طرح دستور موجب تیسری آگ دو کلو کی دیں

ایک تولا سم الفار سفید کو آب پھٹگنڈا ایک پاؤ کے چوبہ دیں

اب تین گرام سم الفار اور چاندی کھرل کریں بند گل کر کے ایک پاؤ کی آگ دیں

اس طرح ہر بار تین گرام سم الفار ڈال کر ایک ایک پاؤ کی چار آگ دیں

ایک تولا مصفی پارہ

تین گرام چاندی سے کھرل کریں بند گل کر کے ایک پاؤ کی آگ دیں

اسی طرح چار آگ دیں

بس اب تیار سمجھیں

پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خواک بوڑھے کو نصف چاول مکھن سے

دو سے تین خوراک کافی ہیں

نوجوان کمزور کو خشخاص کے دانے برابر زیادہ سے زیادہ دو خوراک

فوائد: قوت باہ میں اکسیر کا حکم رکھتا ھے

نسخہ گردہ ومثانہ پتھری

عبدالکریم آزاد 10 اگست 2017

سنگ یہود ایک پاؤ

آدھا کلو چھبڑ کا چھلکہ اتار کر اس کو باریک کاٹ کر کسی کوزہ میں سنگ یہود کے اوپر نیچے دیکر بند گل کر کے دس کلو کی آگ دیں اس طرح دو سے تین عمل کریں سنگ یہود کا اعلی کشتہ تیار ہو گا پیس کر رکھیں

دو تولا دانہ الائچی کلاں

دو تولا بکھڑا

دو تولا سونف

دو تولا دار چینی

اس سب کا سفوف بنا کر اس میں ایک تولا کشتہ سنگ یہود شامل کر کے پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھریں

استعمال خوراک ایک ایک کیپسول دن میں دو سے تین ٹائم تازہ پانی سے

ان شاءاللہ

تین دن میں گردہ ومثانہ کی پتھری پوڈر بن کر نکل جائے گی

نوٹ :۔اگر چھبڑ کی جو راکھ بنے گی اس کا نمک لیا جائے تو پتھری کو توڑنے میں مفید ھے

سفوف معدہ

عبدالکریم آزاد 12 اگست 2017

سونف پچاس گرام

اجوائن دیسی پچاس گرام

دونوں کو ادرک کے آدھا پاؤ پانی میں بھگو دیں

خشک پودینہ بیس گرام

خشک پھول گلاب تیس گرام

فلفل سیاہ بیس گرام

فلفل دراز بیس گرام

الائچی دانہ دس گرام

سیاہ نمک بیس گرام

سونٹھ تیس گرام

سونف اجوائن کے علاوہ سب کا سفوف بنالیں جب سونف خشک ہو جائے تو ان دونوں کا سفوف بنا کر مکس کریں

استعمال خوراک تین گرام کھانا کھانے کے بعد پانی سے

صبح شام

فوائد:۔

گیس اپھارہ متلی قے پیٹ درد تیزابیت

معدہ کو درست کر کے بھوک بڑھاتا ھے

کھٹی ڈکاریں

معدہ سے بخارات بن کر دماغ کی طرف جا کر آدھے یا پورے سر میں درد کا ہونا

ھاضم کی قوت کو تقویت دیتا ھے

کشتہ تانبہ

عبدالکریم آزاد 15 اگست 2017

آدھا کلو کچلہ کو کوٹ کر باریک

سفوف بنا کر اس کے آٹھ حصہ کریں

سنگرسخ 6 گرام کو تین گرام مصفی پارہ سے کھرل کر کے جذب کریں اس کے بعد پیپل کے پانی

سے ٹکیہ بنا کر ایک حصہ کچلہ کے درمیان رکھ کر بند گل کپڑوٹی کر کے دس کلو کی آگ دیں

اس طرح آٹھ عمل کریں

تانبہ کا بہترین کشتہ تیار ہو گا

استعمال خوراک نصف چاول مکھن سے

فوائد: قوت باہ جسمانی کمزوری میں مفید ھے

اعمال صنعت میں اکسیر کا حکم رکھتا ھے

مزید اہل فن جانتے ہیں

طلاء درازی عضو

عبدالکریم آزاد 16 اگست 2017

تازہ جونک پانچ عدد بڑے والے ان کو کسی شیشے کے برتن میں پانی ڈال کر رکھیں اس میں ایک تولا عبد ڈال دیں جب جونکیں عبد کو ھضم کر جائیں تو پانی نکادیں

بیر بہوٹی تین تولا

تخم اندر جو پانچ تولا

مالکنگنی تین تولا

اندر جو اور مالکنگنی کا الگ سفوف بنالیں

بیر بہوٹی اور جونک کو کھرل میں یکذات کر کے اندر جو کا سفوف ڈالکر چوبیس گھنٹے کھرل کریں کہ بلکل تیل کی صورت اختیار کرے تو اس میں روغن بھیڑ ایک پاؤ قطرہ قطرہ ڈال کر کھرل کرتے جائیں یہاں تک کہ سب چیزیں حل ہو کر یکذات ہو جائیں تو تیار سمجھیں

استعمال جڑ سے کیپ تک ایک لکیر کھینچیں

اس طرح تین عمل کریں

فوائد :۔ عضو تناسل کے جملہ امراض میں مفید ھے

اکسیر زخم !!!!

عبدالکریم آزاد 17 اگست 2017

صرف اہل حکماء کے لیے ::

دارچکنہ ایک تولا

رسکپور ایک تولا

کافور ایک تولا

نیلا ایک تولا

ان سب کو کنوار گندل کے پانی سے تین گھنٹے کھرل کر کے جوھر نکالیں

اس طرح تین عمل کریں

تیسرا عمل مکمل ہو تو تیار سمجھیں اور محفوظ رکھیں

استعمال خوراک باجرہ کے دانے برابر مکھن میں لپیٹ کر دیں تین دن تک

فوائد ہر قسم کے زخم ناسور بھگندر بواسیر - شوگر کے بگڑے ہوئے زخم

کینسر میں بیحد مفید ھے - نوٹ : چاہیں تو اس کا تہہ نشین جوھر نکال کر بھی استعمال کر سکتے ہیں

نارمل ڈلیوری کے لیئے نسخہ

عبدالکریم آزاد 19 اگست 2017

حاملہ عورت کو اولاد کی پیدائش کے وقت آسانی ہو گی اس نسخہ سے آپریشن کی نوبت پیش نہیں ہو گی اس کے استعمال سے آپریشن سے بچا جا سکتا ھے::

نسخہ یہ ھے::

ایک عدد بیضہ کی زردی

ایک سے دو رتی زعفران

زعفران کو پیس کر زردی میں ملا کر پیدائش کے وقت عورت کو کھلانے سے اولاد آسانی سے پیدا ہو گی

سفوف جریان واحتلام

عبدالکریم آزاد 20 اگست 2017

پھلی کچی کیکر سو گرام

سمندر سوکھ پچاس گرام

سفید موصلی پچاس گرام

سیاہ موصلی پچاس گرام

مصری سو گرام

ان سب کا سفوف بنا کر رکھیں

استعمال خوراک نصف چائے کا چمچ صبح شام دودھ سے

فوائد:۔ جریان احتلام سرعت انزال

ایسے لوگ جو فون پر یا سیکس کے خیالات سے عضو سے سفید پانی نکلتا ہو اور وقت دخول سے پہلے ڈسچارج ہو جاتے ہوں ان کے لیے خاص تحفہ ھے۔اپنے ذہن پر سیکس کی حکمرانی مسلط نا کریں امید ھے بہت فائدہ ہو گا::پرہیز گرم کھٹی بادی اشیاء

اکسیری کشتہ سنیاسی

عبدالکریم آزاد 21 اگست 2017

:: کشتہ سم الفار ورقیہ شنگرف

:: صرف اہل حکماء کے لیے

:: ناتجربہ کار دور رہیں

سم الفار سفید ایک تولا

ورقیہ ایک تولا

شنگرف ایک تولا

خالص سرسوں کا تیل پانچ کلو

سم الفار ورقیہ شنگرف ہر ایک کو الگ الگ چائینہ بوسکی کپڑے کی چھوٹی تھلی بنا کر اس میں بند کر کے پھر ایک کنوار گندل کی تازہ موٹی پھلی لیکر نیچے سے چار انچ اوپر سائڈ سے ایک انچ کا کٹ

لگا کر ایک تھیلی اندر بیچ سینٹر تک ایک انچ نیچے کی جانب رکھیں سائڈوں کے کٹ دھاگہ سے سی کر بند کریں اس طرح تینوں الگ الگ پھلیوں میں بند کر کے

تیل کے اندر تینوں پھلیاں ایک ساتھ دوا سے تیل ایک انچ تک اوپر رھے رکھ کر کسی لوہے کی راڈ سے باندھ کر سائڈوں سے سپورٹ دیکر ہلکی آگ پر یہاں تک پکائیں کہ پھلیاں بلکل کاغذ کی مانند ہو جائیں تو نکال کر دوبارہ اس طرح پکائیں اس طرح تیرہ عمل کریں

اس کے بعد سو گرام گندم کا آٹا گوند کر گیند نما گول بنا کر درمیان میں ایک تھیلی رکھ کر جلتے کوئلوں پر پکائیں یہاں تک کہ سب آٹا جل جائے اور اندر سے دوا کا آواز سنائی دے تو بس کریں اس طرح ہر ایک کو الگ الگ نو عمل سے نکالیں

بس تیار ھے ۔ پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خوراک حسب طاقت نصف چاول مکھن سے کھلائیں

فوائد :۔ قوت باہ کی بے مثال اکسیر ھے

فالج، دمہ، جسمانی کمزوری

میں بیحد مفید ھے

نوٹ: میرے سنیاسی دوست اس کو کیمیاء میں اکسیری عمل کا حامل کشتہ مانتے تھے

حب دھماسہ

کینسر بریسٹ کی گلٹیوں سمیت متعدامراض کاعلاج

عبدالکریم آزاد22اگست 2017

دھماسہ ایک پاؤ

برھم ڈنڈی ایک پاؤ

دوں کوہلکہ کوٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں اس کے بعدان کودو کلو گرم پانی میں بھگودیں تین چار گھنٹے بعداس کوآگ پرپکائیں جب نصف پانی بچے توآگ سے اتار کر ٹھنڈاکر کے پانی کو چھان لیں اس کے بعددوبارہ پانی آگ پرپکائیں ہیاں تک کہ ساراپانی گاڑھاساگارابن جائے تو اتارلیں

پانچ تولاسابت ہلدی

پانچ تولاسیاہ مرچ

دونوں کاباریک سفوف بناکردھماسہ کے بانی میں شامل کرکے اچھی طرح کھرل کریں یہاں تک کہ گولیاں باندھنے کے قابل ہوجائے توبقدر جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں اور خشک کریں

استعمال خوراک ایک سے دو گولیاں کھانے سے ایک گھنٹا پہلے تازہ پانی سے دن میں دو سے تین ٹائم کھلائیں ایک سے ڈیڑھ ماہ تک

فوائد:۔رحم وبچادانی کی رسولیاں

چھاتی کا سرطان

خون وجلد کے امراض

بھوڑے زخم

دردوں کے بخار میں بیحد مفید ھے

سنیاسی خضاب

عبدالکریم آزاد 23 اگست 2017

::نسخہ خضاب سنیاسی

چھلکہ ہڑ تین پاؤ

آملہ صاف تین پاؤ

ان کا سفوف بنا کر

چھلکہ انار کا سوا کلو پانی

بھیڑ کا دودھ سوا کلو

انگوری سرکہ ڈیڑھ بوتل

برادہ تانبہ ایک پاؤ

ان سب کو اسٹیل کے برتن میں ہلکی آگ پر پکائیں جب قوام بنے تو اتار کر رکھیں ٹھنڈا ہونے پر شیشے کی برنی میں ڈال کر ایک ماہ تک زمین میں دفن کریں

مقررہ مدت کے بعد نکال کر کپڑے سے نچوڑیں جو مواد نکلے اس کو محفوظ کریں

فوائد:۔ بالوں کو سیاہ کرتا ھے گنج پر دوبارہ سیاہ بال نکلتے ہیں

استعمال پہلے منہ میں چاول بھر کر پھر اس محلول سے ایک تولا بالوں پر لگائیں اور کچھ دیر تک مالش کریں جب بال سیاہ ہو جائیں تو چاول نکال دیں

امید ھے یہ بال تیس سال تک سیاہ رہیں گے

نوٹ:۔ میرا آزمودہ نہیں ھے

اہل علم سے گزارش ھے کہ اس پر علمی روشنی ڈالیں

روغن نوشادر

عبدالکریم آزاد 24 اگست 2017

بکھڑا کا اس وقت موسم ھے ہر عام و خاص جگہ پر پایا جاتا ھے

اس کا ایک پاؤ کا لغدہ بنا کر درمیان میں

پانچ تولا نوشاندر کی ٹکی رکھ کر فکس کوزہ میں بند گل کر کے

پانچ کلو اپلوں کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکال کر

چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنالیں قلموں کی طرح

پھر ایک ردمیانی سائز کی روغنی ہانڈی لیکر اس میں تین چار باریک سوراخ کریں

اس پر ململ کا کپڑا بچھا کر اوپر نوشاندر رکھ کر ہانڈی کے کناروں پر آٹا یا مٹی لگا کر اوپر کسی پتیلا میں

اپلے یا کوئلہ جلائیں نیچے پیالہ رکھیں نوشاندر روغن بن کر پیالہ میں داخل ہوگا جب تیل ہونا بند

ہو جائے تو نکا دیں

بس روغن نوشاندر تیار ھے

استعمال ایک سے دو قطرہ پانی سے یا کسی دوا سے مکس کر کے دیں

فوائد:۔ پتہ کی پتھری کی ادویات میں شامل کیا جائے تو بہت جلد جمے ہوئی پانی و کولیسٹرول کو پگلاتا ھے

درد گردہ میں سوہاگہ کے ساتھ کھلائیں تو جلد آرام آتا ھے

گردہ ومثانہ کی پھتری کی ادویات میں شامل کیا جائے تو دوا کا پاور بڑ جاتا ھے اور جلد پھتری خارج ہو جاتی ھے

خون کو پتلا کرتا ھے

کولیسٹرول جگر کی چربی فینٹی لیور کو ختم کرتا ھے

کافور قائم النار

عبدالکریم آزاد 26 اگست 2017

:::: کافور قائم النار سنیاسی راز

کافور پانچ تولا

خالص گگر ایک پاؤ

گگر کو کوٹ کر باریک کریں اس کی دو گول روٹی بنائیں ایک روٹی توے پر رکھیں اوپر کافور رکھیں اس کے اوپر دوسری روٹی رکھ کر سائڈوں کو اچھی طرح بند کریں

اس کے اوپر ایک سو گرام کی آٹے کی روٹی بنا کر اوپر رکھیں اور نیچے نارمل آگ جلائیں جب آٹے والی روٹی پک جائے تو دوسری سائڈ پکائیں اس طرح آٹے کی چار روٹیاں پکائیں

اس کے بعد کافور نکال کر گگر تبدیل کریں اور سابقہ ترکیب سے عمل دوبارہ کریں ہر عمل پر آٹے کی چار روٹیاں پکائیں

اس طرح پچیس عمل کریں

ٹوٹل وزن گگر سوا 6 کلو استعمال ہو گا

ٹوٹل روٹیاں ایک سو استعمال ہو نگی

ٹوٹل عمل پچیس ہونگے

توکافور قائم النار ہوگا

سنیاسی لوگ اس کافور کو زندگی بھر کے لیے کافی سمجھتے ہیں

سرخ رنگ کاکافور بنے گا

فوائد:۔اعمال کیمیا میں اس کافور کو اہم جز مانا جاتا ھے

قلمی شورہ اصلی ایک پاؤ کو پگلا کر ایک تولا کافور ڈالیں شورہ قائم ہو کر جاری تیل بن جائے گا

نوشاندر

پھٹکری

کو بھی تیل بناتا ھے

گندھک کے ساتھ نیلا کو اکسیر بناتا ھے

نیلا کے ساتھ پارہ کو بٹھاتا ھے

اس کے فوائد بہت ہیں

چند بیان کر دیے ہیں- باقی اہل علم اس کے فواد سے بخوبی آگہا ہونگے

سفوف امراض معدہ

عبدالکریم آزاد 27 اگست 2017

:: سفوف معدہ کی جلن

خوب کلاں بیس گرام

دانہ الئچی بیس گرام

ست گلو بیس گرام

زھر مہرہ دس گرام

مصری آدھا کلو

ان سب کا سفوف بنا کر

کپڑ چھان کر کے

خبث الحدید دس گرام شامل کر کے مکس کریں

استعمال خوراک ایک گرام دودھ کی کچی لسی سے

صبح شام

فوائد:۔

معدہ

سینہ

آنتوں

بواسیر

ہاتھ پاؤں

جسم کی ہر قسم کی جلن میں مفید ھے

شنگرف اکسیری کشتہ

عبدالکریم آزاد 30 اگست 2017

شنگرف ایک تولا کی ڈلی لیکر اس کو دس تولا شہد کے چویہ دیں

پھر بارہ عدد دیسی انڈوں کو ابال کر زردی لیکر کسی موٹی تہہ والے برتن میں ڈالکر آگ پر رکھیں

جب اس کا تیل نکلنے لگے تو شنگرف درمیان میں رکھدیں اور ہلکی آگ پر تین گھنٹے پکاتے رہیں تیل اگر جلنے لگے تو اس کو نکلادیں

پھر تین گھنٹے بعد شنگرف نکالکر اس تیل کے چویہ دیں

بس تیار ھے کھرل کر کے محفوظ رکھیں

استعمال خوراک ایک چاول

فواد

فالج

دمہ

قوت باہ

دردوں میں مفید ھے

فالج والے کو شہد کے ساتھ ایک چاول دیں دوران دوا نہانے سے پرہیز کریں

دمہ والے کو شہد یا پتاشے سے

قوت باہ والے کو مکھن سے

دردوں والے کو دودھ سے کھلائیں

کابوس ایک عجیب بیماری عجیب علامات

عبدالکریم آزاد 31 اگست 2017

:: کابوس پیٹ کے کیڑوں کا علاج وعلامات

سوتے وقت منہ سے رال نکلانا

دانوں کو آپس میں رگڑنا

پیٹ میں ہلکہ درد محسوس کرنا

سوتے وقت سینے پر بہت زیادہ وزن آنا

سانس کا گھٹنا، آواز کا نہ نکلنا، مقعد میں خارش سوجن ہونا

گہری نید کی حالت میں اچانک خوف سے جاگنا

کافی لوگ اسے آسیب جن بھوت کا سایہ سمجھ کر تعویز گنڈوں کے چکر میں مبتلا ہو جاتے ہیں جو کہ درست نہیں

یہ ایک قسم کی بیماری ھے جسے کابوس کہتے ہیں کوئی جن بھوت کا سایہ نہیں

علاج:

اجوائن دیسی سو گرام کو سرکہ انگوری میں بھگو کر خشک کریں

برابر وزن کلونجی

دو تولا ہینگ

ان کا سفوف بنا کر

روزانہ رات سوتے وقت آدھا چمچ پانی سے۔ صبح نہار منہ پانی سے

صبح نہار منہ سات عدد کھجوریں سات دن تک روزانہ کھانے سے بھی فائدہ ہوتا ھے بچوں کو دو سے تین عدد کھلائیں

گندم کے دانے برابر رات کو سوتے وقت ہینگ کھانے سے بھی فائدہ ہوتا ھے

دیگر نیم اور مہدی کے پتوں کو رگڑ کر اس کا پانی پینے سے فائدہ ہوتا ھے

تلسی کے پتوں کا پانی پینے سے فائدہ ہوتا ھے

انار کا چھلکہ کھانے سے فائدہ ہوتا ھے

ایک گلاس پانی میں سرکہ انگوری دو چمچ ملا کر پینے سے بھی فائدہ ہوتا ھے

کشتہ شنگرف اکسیر سنیاسی

عبدالکریم آزاد 1 ستمبر 2017

شنگرف ایک تولا کی ڈلی لیکر اس کو دس تولا شہد کے چوبہ دیں

پھر بارہ عدد دیسی انڈوں کو ابال کر زردی لیکر کسی موٹی تہہ والے برتن میں ڈالکر آگ پر رکھیں

جب اس کا تیل نکلنے لگے تو شنگرف درمیان میں رکھدیں اور ہلکی آگ پر تین گھنٹے پکاتے رہیں تیل

اگر جلنے لگے تو اس کو نکلادیں

پھر تین گھنٹے بعد شنگرف نکالکر اس تیل کے چوبہ دیں

بس تیار ھے کھرل کر کے محفوظ رکھیں

استعمال خوراک ایک چاول

فواد

فالج

دمہ

قوت باہ

دردوں میں مفید ھے

فالج والے کو شہد کے ساتھ ایک چاول دیں دوران دوا نہانے سے پرہیز کریں

دمہ والے کو شہد یا پتاشے سے

قوت باہ والے کو مکھن سے

دردوں والے کو دودھ سے کھلائیں

کشتہ رسکپور سنیاسی

عبدالکریم آزاد 5 ستمبر 2017

صرف حکماء کے لیے

اس وقت تمہ کا سیزن وموسم هے پکے ہوئے تمہ کا دو کلو پانی نکالکر اس کو بزریعہ بتی مقطر حاصل کریں

پانچ تولا رسکپور کو آدھا کلو پانی میں ڈول جنتر پکائیں اس کے بعد باقی پانی کے چو یہ دیں

سو گرام گندھک گائے کے دودھ سے مدبر کرلیں پھر گرم پانی سے دھوئیں

پھر اس گندھک کو

دو تولا نوشاندر

دو تولا پھٹکری

دو تولا سیندہ نمک

تینوں اشیاء بلکل باریک سفوف ہوں

گندھک میں ڈالکر چار چمچ ایسڈ سرکہ انگوری سے کھرل کریں جب خشک ہو تو پانی سے دھوئیں

اس طرح بارہ سے پندرہ عمل کریں گندھک سفید ہو گی

اوراس گندھک کو پانچ سے سات مرتبہ تازہ پانی سے دھوئیں تاکہ باقی اشیاء کااثر ختم ہو جائے

اب ایک تولا روغن بنولہ سے اس گندھک کو تین گھنٹہ کھرل کریں گولیاں بقدر چنے برابر بنالیں
کچھ دیر خشک کریں ہلکہ خشک ہوں تو بزریعہ پتال جنتر تیل نکالیں تیل بلکل شہد کی طرح گاڑھا
ہو گا پھراس تیل کے رسکپور کو چویہ دیں جب عمل مکمل ہو تو تیار سمجھیں

پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خوراک نصف چاول سے ایک چاول مکھن میں لپیٹ کر دیں

بلیڈ کینسر والے کو تین گرام سفوف دھماسہ جو بلکل مثل غبار کی طرح بنا ہو نصف سے ایک چاول
دیں

فوائد:۔

کینسر، رسولیاں، ہر قسم کے زخم، بواسیر، بھگندر، جلد کے تمام امراض

پرانے سے پرانہ زخم و ناسور

میں بیحد مفید ہے

سوھاگہ قائم تیلیہ

عبدالکریم آزاد 7 ستمبر 2017

ایک پاؤ سوہاگہ کو شیر مدار سے کھرل

کر کے مٹی کے توے پر یا کسی باٹی میں پکائیں جب پھولنے لگے تو اتار لیں

اور شیر مدار سے سے کھرل کر کے دوبارہ عمل کرتے جائیں

خیال رہے کہ سوہاگہ پھولنے نہ پائے

اس طرح تیرہ سے پندرہ عمل میں سوہاگہ پھولنا بند ہو کر تیلیہ ہو جائے گا

پھر اس کو توے پر پکائیں

آگ بلکل ہلکی ہو جب اس سے دھواں نکلنا بند ہو تو تیار سمجھیں

اب اس کو کھرل کر کے محفوظ کریں

استعمال بطور داب

فوائد:۔

اس کے درمیان میں دس تولا نوشاندر رکھ کر بلکل ہلکی آگ پر پکائیں تین گھنٹا بعد اس سے

نوشاندر نکالکر دوسری سائڈ پکائیں تین گھنٹا

پھر اس نوشاندر کا پاتالجنتر روغنی ہانڈی میں روغن کشید کریں

دس گرام روغن نوشاندر

پچاس گرام فلفل سیاہ کا سفوف بنا کر اس میں دس گرام روغن سے کھرل کریں مثل غبار کے

ایک سے دو رتی کھانے کے بعد پانی سے استعمال کرائیں

فوائد:۔

اکسیر ھاضم خاص کر پتہ کی پتھری جگر کی چربی امراض گردہ و مثانہ میں بیحد مفید ھے

فوائد:۔ بطور داب

سم الفار

نوشاندر

ورقیہ

شنگرف

رسکپور

مینسل

دارچکنہ

دھاتوں کو نرم کرتا ھے

جست پارہ کی چلھبند

ان سب کو اعلی درجہ کا قائم کرتا ھے

پارہ کی تجوڑی ھے

نوشاندر کو قائم و جاری کرتا ھے

اہل علم اس سے کافی فوائد حاصل کر سکتے ہیں

نوٹ:۔ان باکس میں کسی کو کوئی مشورہ نہیں دیا جائے گا

نسخہ کے متعلق آسان الفاظ میں فوائد بیان کر دیے جاتے ہیں

مزید جانکاری کے لیے اسی فورم کا استعمال کریں اگر کسی پر گراں گزرے تو معافی چہاتا ہوں

نسخہ مرھم ناسور بیرونی بگڑے ہوئے زخم

عبدالکریم آزاد 10 ستمبر 2017

:: نسخہ مرھم ناسور بیرونی زخم

ایک تولا پارہ

تیزاب پروف برتن میں ڈالکر اس میں دو تولا تیزاب گندھک ڈالکر ہلکی آگ پر پکائیں جب آدھا تولا تیزاب بچے تو مزید دو تولا تیزاب ڈالیں

اس طرح دس تولا تیزاب اڑائیں

اس سے آپ کو تیزاب کی گندھک ملے گے اس کی ٹکیہ بنالیں

پانچ تولا نیلا لیکر اس کو شہد سے کھرل کر کے

گندھک پارہ کی ٹکیہ پر لیپ دیکر

پھر دو سو گرام پھٹکری کا سفوف بنا کر اس کے درمیان میں لیپ شدہ دوا رکھکر کسی کوزہ میں بند گل تار لپیٹ کر مضبوط گل کر کے تین کلو اپلوں کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکالیں

سب دوا کو پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال:۔

مریض اپنے ایریا کی دس گرام شہد میں مزکورہ ایک گرام دوا ڈال کر مکس کر کے متاثرہ جگہ پر لیپ کرے کتنے بھی بگڑے زخم ناسور ہوں پانچ سے سات مرتبہ میں شفا ملے گی

فوائد:۔

بیرونی ہر قسم کے زخم ناسور میں بیحد مفید ھے

نوشادر قائم النار وروغن

عبدالکریم آزاد 12 ستمبر 2017

نوشاندر ایک پاؤ

سیندہ نمک ایک کلو

قلمی شورہ آدھا پاؤ

توے پر آدھا کلو نمک بچھائیں

اس پر آدھا شورہ بچھائیں

دوں وں پیس کر بچھانا ھے

اس پر نوشاندر رکھیں

نوشاندر کے اوپر شورہ رکھیں

پھر نمک رکھیں

پھر ہلکی آگ پر 6 گھنٹے پکائیں

اس کے بعد نوشاندر نکالیں

ایک کلوان بجھا چونہ لیں آدھا توے پر بچھائیں

اس کے اوپر نمک

اس کے اور شورو

پھر نوشاندر

پھر شورہ

پھر نمک

پھر چونہ سے بند کر کے ہلکی آگ پر 6 گھنٹے پکائیں

دونوں عمل مکمل ہوں تو تیار سمجھیں

پھر اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے روغنی ہانڈی میں تین چار باریک سوراخ کر کے اس پر کپڑا بچھا کر اوپر نوشاندر رکھ کر اوپر کسی برتن میں کوئلہ یا اپلوں کی آگ دیں نیچے پیالہ رکھیں روغن برآمدہ ہو گا جب روغن نکلنا بند ہو تو آگ بند کریں

محفوظ رکھیں

استعمال خوراک:۔

ایک سے دو قطرہ پانی سے

مریض کی صحت و مزاج کو مد نظر رکھ کر دیں

فوائد :۔

بڑھے ہوئے پیٹ کو کم کرتا ھے

خاص کر عورتوں میں پیٹ کا لٹکنا ڈھیلا ہو جا بڑھ جانا میں فائدہ مند ھے

استسقاء کے مریضوں کے لیے اکسیر ھے

چربی کو کم کرتا ھے

پتہ و معدہ کے امراض میں بیحد مفید ھے

:: گردہ و مثانہ کو فائدہ دیتا ھے

نوٹ :۔ کیمیا گر حضرات اعمال صنعت کے طور پر استعمال کرنا چاہیں تو جب نوشاندر قائم کے عمل سے نکلے اس وقت اس میں چند قطرے تیزاب شورہ کے ڈالیں جب سب نوشاندر سرخ ہو جائے تو روغنی ہانڈی سے روغن کشید کریں

اور اپنے فھم کے مطابق کام میں لائیں

علاج برائے مرگی

عبدالکریم آزاد 14 ستمبر 2017

:: نسخہ مرگی

ایری چاول سو گرام بلکل صاف کرکے اس کو چینی کے برتن میں شیر مدار سے تر کریں اوپر 6 ململ کا کپڑا باندھ کر رات کو باہر رکھیں دن کو کمرے کے اندر دوسرے دن شیر مدار کی بلائی وغیرہ نکالدیں جب شیر مدار خشک ہو تو دوبارہ عمل کریں اس طرح تین عمل کرکے بلکل خشک کریں بلکل باریک کھرل کریں کپڑ چھان کرکے رکھیں

استعمال بطور سونگائیں دونوں سائڈوں سے نصف چاول سے ایک چاول تک

اس کے بعد روغن گائے دونوں سائڈوں میں لگائیں

خوراکی نسخہ

بادام پچاس گرام

مغز سونف پچاس گرام

مغز دھنیا پچاس گرام

مغز کدو پچاس گرام

برھم بوٹی پچاس گرام

مصری پچاس گرام

ان سب کا سفوف بنا کر اس کو روغن گاؤ ایک پاؤ مکس کر کے رکھیں

استعمال خوراک نصف چمچ صبح خالی پیٹ

نصف چمچ رات کو سوتے وقت استعمال کریں

ایک گھنٹا تک پانی وغیرہ نا پلائیں

کشتہ نیلا بلاز نگار کرسٹل

عبدالکریم آزاد 15 ستمبر 2017

کشتہ کرسٹل نیلا

سم الفار ایک تولا

کافور ایک تولا

ان کو اچھی طرح کھرل کریں پھر اصل خالص شہد سے کھرل کر کے لیپ بنا کر پتر انما ڈلی پر لیپ کر کے دو کلو نمک لاھوری کے درمیان رکھ کر کسی فکس کوزہ میں پھر اس کو چوبیس گھنٹے درمیانی آگ پر پکائیں چوبیس گھنٹے بعد اسی ترکیب سے دوبارہ پکائیں اس طرح تین عمل کریں بلاز نگار نیلا ملے گا تمام خواص کا حامل کشتہ بنتا ھے مزید اہل فن اس کے خواص سے واقف ہیں

استعمال خوراک نصف چاول ہمراہ مکھن پچاس گرام

فوائد:۔ بواسیر پر میل زخم ناسور بھگندر پھوڑے پرانے زخم قوت باہ

نوٹ:۔ اگر سم الفار قائم سے بنایا جائے تو مزید بہترین بنے گا

خراطین سے تانبے کا حصول

عبدالکریم آزاد 16 ستمبر 2017

:: کچوے خراطین سے تانبہ نکالنا

کچوں سے تانبہ نکالنے کے کئی تراکیب ہیں جن میں اپلوں کے درمیان رکھ کر آگ لگانے سے بھی نکالتے ہیں جو کہ ہر بندہ کے بس کی بات نہیں احتیاط و مہارت سے ہی کامیاب ہوتا ھے

آج ایک ایسی ترکیب بتاتا ہوں جو ہر ایک بندہ آسانی سے نکال سکتا ھے

ضرورت موجب کچوے لیکر ان کو دھی کی لسی میں بھگو دیں لسی کے وزن سے ڈبل وزن سیندہ نمک پیس کر ڈالیں

کسی شیشے کے برتن میں روز ایک بار لکڑی گھمادیں آٹھ سے دس دن بعد رگڑ کے بڑے برتن میں انڈیل کر صاف پانی سے گند نکالتے جائیں خیال رھے اس پانی سے صرف پانی کا گند نکلنے پائے اس طرح جب پانی صاف ہو نیچے بال نما قدرے موٹی تاریں بر آمد ہو نگی جو کچوے کا تانبہ ھے

اگر ان کو زندہ دھات کرنا ہو تو ماءالحات سے زندہ کریں بہترین تانبہ ہو گا

اپنے کام میں لائیں

ایک اور بات لوگ کہتے ہیں کہ اس کا چھلا بنا کر پہننے سے سانپ بچھو کے کاٹنے سے زھر کا اثر نہیں ہوتا میرے تجربہ کرنے سے جھوٹی ثابت ہوئی ھے

فطرتن دیکھا جائے تو سانپ بچھو خود کچوے کو کھا جاتا ھے

البتہ یہ سب خاصیتیں مور کے پروں سے جو تانبہ بر آمد ہوتا ھے اس میں پائے جاتے ہیں جو کہ تجربہ کرنے سے سچ ثابت ہوا ھے

آپ میں کسی نے اکثر دیکھا ہو گا کہ دیہات میں بچھو کاٹ جائے تو جھاڑ پھونک والا بندہ مور کے پروں سے زھر اتارتا ھے یہ سب پروں میں موجود تانبہ کا کمال ھے

یہ سب میرا ذاتی تجربہ ھے

کشتہ چاندی جاذب سیماب

عبدالکریم آزاد 18 ستمبر

2017

یہ نسخہ کچھ دوستوں کے ان باکس میں رابطہ کرنے کے لیے پوسٹ کرتا ہوں جنھیں جاذب سیماب چاندی کی ضرورت ھے تو لیجیے جناب نسخہ حاضر ھے ::

ایک تولا تیزابی چاندی کا برادہ لیکر تین گرام ست اجوائن

تین گرام کافور برادہ سے کھرل کر کے بند گل کر کے آدھا کلو کی آگ دیں اس طرح پانچ عمل کریں

پھر پھول دھتورہ کے پانی سے کھرل کر کے اسی کے ایک پاؤ نغدہ میں بند گل کر کے پانچ کلو کی آگ دیں اس طرح ہر بار پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر نغدہ میں بند گل آگ دیں اس طرح تیرہ 13 عمل کریں

اگر پھول دھتورہ نا ملے تو اجوائن خراسانی کے نغدہ میں بھی آگ دی جا سکتے ہے

باشرط ٹکیہ دھتورہ کے پانی سے بنائی جائے

عمل مکمل ہونے پر اعلی قسم کا جاذب سیماب کشتہ تیار ہو گا

استعمال خوراک:۔

ایک چاول مکھن سے

فوائد:۔

جریان احتلام سرعت انزال زکاوت حس

جس کی چند خوراکیں ان بیماریوں کو جڑ سے ختم کرتی ہیں

مستقل امساک پیدا کرتا ھے

دیگر اس کشتہ سے پارہ کو چوبیس گھنٹہ ریت جنتر پکانے سے پارہ ایک رتی کم نہیں ہو گا

طلاء سنیاسی

عبدالکریم آزاد 18 ستمبر 2017

:: نسخہ طلاء

ایک سناسی دوست نے بتایا تھا جو ایسی ایک طلاء سے پریشان حال لوگوں کا علاج کیا کرتا تھا

دار چکنہ

تیلیہ

سیندور

زقوم سبز کے پیچ کی خشک لکڑی

ہر ایک ایک تولا

ان کا سفوف بنا کر

چار تولا شیر مدار

دس تولا گائے کا مکھن آپس میں مکس کر کے سفوف اس میں شامل کریں کسی مضبوط کڑھائی میں ڈالیں

ایک تین فٹ کنیر کی لکڑی لیں اس کے اندر ایک انچ سوراخ کریں

کڑھائی کو ہلکی آگ پر رکھیں

کنیر کی لکڑی سے ہلاتے جائیں یہاں تک کہ کنیر کی لکڑی چھ انچ جل جائے تو تیار سمجھیں

اتار کر محفوظ رکھیں

استعمال:۔

دو سے چار رتی ہکلی مالش کر کے اوپر پان کا پتہ دو گھنٹے باندھیں

بعد نیم گرم پانی سے دوھیں

دن میں تین چار بار نیم گرم پانی سے دوھیں

اس طلاء کے فوائد آزمائش پر منحصر ہیں

کیڈ میم اور پارہ

عبدالکریم آزاد 19 ستمبر 2017

Dr zama saber

saif ali khan

mujhid hussin

Amjid khan

عبدالحکیم حسیب

سناسی نذر عباس

Ad gola gola

Najam durwesh

Najm ul hassan

tamim haris

Aslam magsi

Hakeem yasir nazeer

m sajjid anwar

sajid butt

Ijaz hussin

Azad bhutto

umer raza

:: باقی تمام ممبرز کی خدمت میں حسب واعدہ نسخہ دھات وپارہ کی انگوٹھی بنانا حاضر ھے

ایک تولا خالص کیڈیم لیں اس کو کوٹھالی میں ڈالکر چرخ دیں جب مکمل پگل جائے تو اس میں دو تولا پارہ شامل کریں

سرد ہونے پر مشاھدہ کریں

نادکڑی ہو گی نا پھوٹک جتنی مرضی چاہیں باریک تار بنالیں

انگوٹھی

چھلا

جو پسندیدہ ہو بنالیں

فوائد:۔اس کے صرف دو لکھ دیتا ہوں باقی پہننے والا خود بہتر جان پائے گا

فشار خون وبواسیر والوں کے لیے نایاب تحفہ ھے

نوٹ:۔اس سے ایک راستہ نکلتا ھے جسے حرف عام میں لرزاں کہتے ہیں

برھمی ڈنڈی بوٹی سے بگڑے ہوئے زخموں کا علاج

عبدالکریم آزاد 20 ستمبر 2017

:: ایسے مریض جو علاج کرا کے تنگ آچکے ہوں ان کے لیے انمول تحفہ ھے

تازہ برھم ڈنڈی کو رگڑ کر اس کا ایک سے ڈیڈھ تولا پانی نکالکر صبح خالی پیٹ پیئیں

باقی فضلہ کو اچھی طرح رگڑ کر متاثرہ جگہ پر چوبیس گھنٹہ باد ھیں

اس طرح ہر روز استعمال کریں تیسرے دن زخم خشک ہونا شروع ہو گا اس طرح پانچ سات دن استعمال کریں جب زخم بلکل خشک ہو تو

بدپرہیزی شروع کریں

بھیڑ بڑا گوشت بینگن مطلب ہر وہ چیز جس سے زخم کو نقصان پہنچتا ہو خوب استعمال کریں جوں ہی زخم دوبارہ بننے لگے برھم ڈنڈی کا استعمال شروع کریں تاکہ جسم کے اندر چھپے اس دشمن جراثیم کا خاتمہ ہو

اس طرح جب دوبارہ سے زخم خشک ہو تو دوبارہ بدپرہیزی کریں تین مرتبہ ایسا کرنے سے ہر قسم کا زخم کینسر وغیرہ کے زخم سے مکمل نجات پایا جاسکتا ھے اسی ترکیب سے ان موذی دشمن جراثیم کا مکمل خاتمہ ممکن ھے ::

شاید میری اس بات سے کچھ لوگوں کو اختلاف ہو مگر یہ ایک حقیقت ھے اس طرح ہر قسم کے بگڑے زخموں کا علاج ممکن ھے

نوٹ:۔اگر تازہ نا ملے تو خشک بھی استعمال کر سکتے ہیں چند دن زیادہ استعمال ہو گی

کمر درد جوڑوں کا درد مہروں کی تکلیف

عبدالکریم آزاد 22 ستمبر 2017

:: نسخہ برائے کمر و جوڑوں کا درد

گگل گوند مقل پچاس گرام

گڑ پچاس گرام

سونٹھ بیس گرام

بکھڑا بیس گرام

فلفل دراز بیس گرام

فلفل سیاہ دس گرام

لونگ پانچ گرام

ان سب کا سفوف بنا کر

دو عدد کھوپرا بڑی سائز کا لیکر اس کے لب برابر کریں اس میں سب سفوف بھریں دونوں کھوپرا

کے لب ملا کر بند کر کے اوپر مضبوط دھاگہ لپیٹ کر اس کے اوپر آٹا لپیٹ کر بند کر کے کوئلہ جلا کر

اس پر پکاتے جائیں اور گھماتے جائیں جب سب آٹا اوپر سے جل کر سیاہ ہو جائے تو آٹا اتار کر دوسرا آٹا لپیٹ کر پھر اسی طرح پکائیں اس طرح تین عمل کریں

عمل مکمل ہونے پر آٹا اتار کر اس کو ھاون دستہ سے کوٹ کر رکھیں

استعمال خوراک نصف چائے کا چمچ رات کو کھانے کے بعد پانی سے

فوائد :۔ کمر وھڈیوں کے درد بواسیر معدہ کو فائدہ دیتا ھے گیس بد ھضمی ریاح کے دردوں میں مفید ھے

ہیرا کسس ونوشادر

عبدالکریم آزاد 24 ستمبر 2017

:: نسخہ ہیرا کسیس حل پزیر سنیاسی راز

ایک پاؤ ہیرا کسیس کو سرکہ انگوری میں کھرل کرکے ایک بڑے کپ میں بند گل کرکے پانچ کلو کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکالکر دوبارہ اسی ترکیب سے آگ دیں

اس طرح تین عمل کریں

خیال رھے جب دوسری مرتبہ سرکہ ڈالوگے تو کھرل گرم ہو جائے گا

یہ عمل احتیاط سے کرنا ھے

اب اس کو رات بھر کھرل میں ھی رہنے دیں صبح موم ہو گا

اب ایک پاؤ نوشاندر جو کہ کلس سے قائم کیا گیا ہو لیکر اس موم کے برابر وزن کھرل کرکے ہوائی تیل حاصل کریں

اب اس تیل سے موم ہیرا کسیس کو کھرل کرکے گولیاں بقدر سیاہ مرچ بنالیں

استعمال خوراک ایک گولی رات کے کھانے کے بعد پانی سے یا کسی شربت سے لیں

فوائد :۔ ہر قسم کے یرقان میں اکسیر کا حکم رکھا ھے

قوت مدافعت معدہ کے لیے مفید ھے

نوشاندر کو کلس کی داب میں بارہ گھنٹے ہلکی آگ پر پکائیں

پھر دوسری سائڈ سے بارہ گھنٹے پکائیں

نوٹ :۔ کیمیاء کے متلاشی لوگوں کے لیے ہر دروازہ کی کنجی ھے

ہر قسم کے بخاروں کے لیئے

عبدالکریم آزاد 25 ستمبر 2017

:: نسخہ برائے شربت ہر قسم کے بخاروں کے لیے

سونف پچاس گرام

اجوائن دیسی پچاس گرام

مکو خشک پچاس گرام

گلو لکڑی پچاس گرام

منقہ پچاس گرام

خشک لیموں پچاس گرام

مصری آدھا کلو

مصری اور منقہ کے علاوہ سب کو ڈیڑھ سے دو لیٹر پانی میں رات بھر بھگو دیں

منقہ کو الگ پانی میں بھگو دیں صبح منقہ کو پانی میں اچھی طرح گھول کر چھان لیں

باقی لیموں والے پانی کو ایک جوش دیکر اچھی طرح گھول کر چھان لیں اب منقہ کا پانی اس پانی میں مکس کریں

اب اس کو سٹیل کے برتن میں ڈالکر ہلکی آگ پر پکائیں جب آدھا کلو پانی بچے تو اس میں مصری ڈالیں اور پکاتے جائیں اوپر سیاہ جھاگ بنے گی اس کو نکالتے جائیں

جب بلکل گاڑھا قوام بنے تو اتار لیں

ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں محفوظ رکھیں

استعمال خوراک :۔ایک سے دو چمچ دن میں تین بار

فوائد :۔ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے

قہوہ برائے ہائی لو بلڈ پریشر

عبدالکریم آزاد 28 ستمبر 2017

:: قہوہ برائے بلیڈ پریشر ہائی لو کے لیے مجرب ھے

ایک عدد پان کا پتہ جو درمیانہ سائز کا ہو

دو عدد سبز پودینہ کی ٹہنیاں پتوں سمیت

پانچ گرام تازہ ادرک

ان تینوں کو دھو کر صاف کریں پھر ادرک پان پودینہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے دو کپ پانی میں پکائیں جب ایک کپ پانی بچے تو اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر پییں تین دن ہر روز

تین دن بعد جو دوائی استعمال کر رہے ہیں چھوڑ دیں

اب ایک دن کا وقفہ کر کے دوسرے دن دوبارہ قہوہ استعمال کریں اس طرح ایک دن بعد دوسرے دن یوں پورے چالیس دن استعمال کریں

ان شاءاللہ

بلیڈ پریشر کے دونوں امراض سے ھمیشہ کے لیے نجات ملے گی

کشتہ نیلا

عبدالکریم آزاد 29 ستمبر 2017

دو تولا نیلا کی ڈلی لیکر اس کو شہد سے تر کر کے اس کے اوپر تین گرام کشتہ سنکھ لگا کر کچھ دیر کے لیے

خشک کر کے اوپر کپڑا الپیٹ کر کسی برتن میں ایک کلوان بجھ چونہ کے درمیان میں ڈلی رکھ کر اوپر

سجی کا پانی اتناڈالیں کہ اس سے ری ایکش ہو اس طرح پانی ڈالتے جاناھے جب چونہ سے گرمائش

ختم ہو تو نیلا نکادیں اس طرح بارہ عمل کریں نیلا کا کشتہ کامل بلا ز نگار تیار ہو گا

ہوا سے بند جگہ پر پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خوراک نصف چاول پچاس گرام مکھن سے

فوائد :۔

باد فرنگ سوزاک آتشک قوت باہ پرانے زخم ناسور شوگر کے زخم بواسیر فیسچولا وغیرہ میں بیحد

مفید ھے

نوٹ :۔ ناتجربہ کار دور رہیں

بریسٹ گروتھ

عبدالکریم آزاد 5 اکتوبر 2017

:: نسخہ بریسٹ بڑھانا

کافی عورتیں جن کی بریسٹ کی سائیز کم ہونے کی وجہ سے منگنی نہیں ہوتی

یا شادی کے بعد کم سائیز بریسٹ کی وجہ سے طلاق جیسی سنگین صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ھے

ان کے لیے اکسیر ھے

اسگند کی جڑ

اور بھیڑ کا گھی

برابر وزن

اسگند کی جڑ کو بلکل باریک کوٹ کر اس میں گھی اچھی طرح مکس کر کے پیسٹ بنا لیں

روزانہ اس کی بریسٹ پر اچھی طرح مالش کریں

سات روز میں قدرت کا کرشمہ دیکھیں

روغن تانبہ

عبدالکریم آزاد 6 اکتوبر 2017

سو گرام سنگراسخ لیکر اس میں برابر وزن نوشاندر کھرل کر کے تیزابی باٹے میں کھلی آگ پر پکائیں

جب نوشاندر کا دھواں ختم ہو تو دوسرا نوشاندر شامل کرتے جائیں

دو سے تین عمل دوہرانے سے آپ کا سنگراسخ جس رنگ کا ہو گا اسی رنگ میں روغن ہو جائے گا

جو آگ پر روغن ہی رہے گا

نیچے اتارنے پر جم جائے گا

اپنے فھم و تجربہ کے مطابق کام میں لائیں

روغن نزلہ زکام نمونیہ

عبدالکریم آزاد 7اکتوبر 2017

روغن برائے نزلہ زکام کیرا بلغمی امراض

تخم تمہ ایک پاؤ

مالکنگنی دس تولا

دونوں کوہلکہ کوٹ کردو کلو پانی میں جوش دیں جب نصف پانی بچے تواتار لیں اور پانی کو چھان کر اس میں دس تولا تلوں کا تیل ڈالکر پکائیں جب سب پانی ختم ہو جائے صرف تیل بچے اتار لیں

استعمال:۔

اس تیل کی سر سینہ اور پھیپھڑوں کی جگہ مالش کریں

چندروز میں فائدہ ہو گا

۔۔ محترم جناب سنیاسی سنبھومل صاحب۔۔

نزلہ زکام کیرا بلغمی بخار کے لیئے

عبدالکریم آزاد 9 اکتوبر 2017

:: نسخہ برائے دمہ نزلہ زکام نمونیہ و بلغمی امراض

ایک پاؤ اجوائن خراسانی

ایک پاؤ اجوائن دیسی

ایک پاؤ کچلہ

ان سب کا سفوف بنا کر

ایک پاؤ نوشادر کو شیر مدار سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سفوف کے درمیان رکھ کر مضبوط بند گل کر کے

گڑھے میں تیرا کلوا پلے نیچے بچھا کر اوپر کوزہ رکھیں اس کے اوپر سات کلوا پلے رکھ کر ہوا سے محفوظ جگہ پر آگ دیں سرد ہونے پر برآمد شدہ سب دوا کا باریک سفوف بنا کر رکھیں

استعمال خوراک بڑوں کے لیے ایک چاول سے ایک رتی تک شہد سے

جریان خون کا علاج

عبدالکریم آزاد 11 اکتوبر 2017

:: سفوف برائے خون روک

چھلکہ ریٹھہ سو گرام

خشک روٹی سو گرام

دونوں کو الگ الگ توے پر جلا کر پھر باریک سفوف بنا لیں

پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر کر دن میں ایک ایک کیپسول سادہ پانی سے تین ٹائم استعمال کریں

فوائد :۔ نکسیر کا خون بواسیر کا خون حیض کی خرابی سے بار بار خون کی تکلیف ہوتی اسے روکتا ھے

کشتہ رسکپور

عبدالکریم آزاد 13 اکتوبر 2017

:: نسخہ کشتہ رسکپور

صرف حکماء صاحبان کے لیے ناتجربہ کار نقصان کے خود زمیوار ہونگے

پیز پودہ کے تازہ کچے پتے آدھا کلو لیکر اس کا نغدہ بنا کر درمیان میں دس تولا عمدہ نیلا رکھ کر کوزہ میں بند گل کر کے آٹھ کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر احتیاط سے نیلا نکالیں یہ نیلا کبھی سفید تو کبھی سرمہ کی مانند سیاہ چمکدار ملتا ھے

جو کہ صرف تانبہ کے وزن کے برابر ملتا ھے

اس طرح ساٹھ گرام بنالیں

جب وزن مکمل ہو جائے تو بطور داب اس میں رسکپور رکھ کر ہلکی آگ پر تین گھنٹہ پکائیں عمل مکمل ہونے پر دوسری سائڈ بھی تین گھنٹہ پکائیں عمل مکمل ہونے پر تیار سمجھیں

سیاہ ہڑ چار تولا

دھماسہ تین تولا

ان دونوں کا باریک سفوف بنا کر چھان لیں اس سفوف میں رسکپور ڈالکر کنوار گندل کے پانی سے کھرل کر کے چنے برابر حب بنا کر خشک کریں

استعمال خوراک ایک سے دو حب دودھ پانی شربت عناب سے دیا جا سکتا ھے

فوائد:۔داد چنبل زخم ناسور بھگندر تلی جلندر میں مفید ھے

نوٹ:۔اس نیلا کی داب میں

رسکپور

دارچکنہ

ورقیہ

سم الفار

مینسل

شنگرف ان سب کو بطور داب قائم کرتا ھے

سفوف طلسم

عبدالکریم آزاد 15 اکتوبر 2017

بوھڑ کے سبز پتے سایہ میں خشک کیے ہوئے پچاس گرام

بھنگ کے سبز پتے خشک پچاس گرام

لونگ پانچ گرام

عقرقرحہ دس گرام

ان سب کا باریک سفوف بنا کر رکھیں

استعمال خوراک:۔ صبح خالی پیٹ نصف گرام

نصف گرام رات کو سوتے وقت ھمراہ آدھا کلو دودھ

پرہیز:۔ کھٹی نمکین بادی گرم اشیاء

فوائد:۔ جریان احتلام سرعت انزال ذکاوت حس فطری امساک میں بیحد مفید ھے

کشتہ نقرہ وورقیہ

عبدالکریم آزاد 16 اکتوبر 2017

:: کشتہ نقرہ

ایک تولا تیزابی نقرہ

ایک تولا ورقیہ عمدہ

دونوں کو کھرل کر کے یکذات کریں

پانچ تولا شیر ز قوم سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں بند گل کر کے پانچ کلو کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکالیں

دستور موجب نئی ورقیہ کھرل کریں پانچ تولا شیر ز قوم سے ٹکیہ بنا کر بند گل کر کے چار کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

نئی ورقیہ ڈالکر پانچ تولا شیر سے کھرل کر کے تین کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

ورقیہ شامل کر کے پانچ تولا شیر سے کھرل کر کے دو کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

نئی ورقیہ شامل کر کے پانچ تولا شیر ز قوم سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے بند گل کریں

ایک کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں تیار ھے پیس کر محفوظ رکھیں

استعمال خوراک:۔ایک چاول سے دو چاول ھمراہ مکھن بلائی شہد سے

فوائد:۔ قوت باہ دل کے بند وال میں مفید ھے

تریاق زہر سانپ

عبدالکریم آزاد 17 اکتوبر 2017

:: سانپ کے زہر کا فلفور اثر تریاق

شیشہ ہینگ

اور

ارنڈ کے پانچوں انگ ملیں تو بہتر ورنہ پتے برابر وزن رگڑ کر چنے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی دودھ یا پانی سے استعمال کریں دن میں تین بار

زخم ناسور کا علاج

عبدالکریم آزاد 17 اکتوبر 2017

:: زخم وناسور کے لیے سنیاسی ٹوٹکہ

نیم درخت کا گوند لیکر کوٹ لیں شہد کی مدد سے مرھم بنا کر متاثر جگہ پر لیپ کریں بہت جلد زخم کو بھرتا ھے

اجزاء کے اعتبار سے معمولی مگر فوائد میں اکسیر کا حکم رکھتا ھے

سفوف ذیابیطس

عبدالکریم آزاد 18 اکتوبر 2017

:: سفوف ذیابطیس شوگر

تخم جھامن دس عدد

لونگ سابت دس عدد

ان دونوں کا باریک سفوف بنالیں

پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر کر رکھیں

استعمال خوراک ایک صبح خالی پیٹ

ایک رات کو کھانے سے پہلے یا بعد میں استعمال کریں پانی سے

فوائد:۔ شوگر کو بڑھنے سے روکتا ھے شوگر کی وجہ سے جسم کے درد میں بھی مفید ھے

نوٹ:۔ اسی حساب سے جتنا چاہیں سفوف بنا سکتے ہیں

قہوہ پرانا بخار

عبدالکریم آزاد 19 اکتوبر 2017

:: قہوہ بخار کے لیے

سونف ایک چمچ

اجوائن دیسی ایک چمچ

دو کپ پانی میں ڈالکر پکائیں جب ایک کپ پانی بچے اتار لیں چھان کر حسب ضرورت گڑ شامل کریں

اگر لیموں تازہ ملے تو تین قطرہ ڈالکر پیلیں

تین دن کے استعمال سے پرانے سے پرانہ بخار جاتا رھے گا

جب ہر قسم کی ادویات کے استعمال سے تنگ آجائیں بخار ختم نہ ہوتا ہو تو ایک بار اسے بھی آزمائیں

کشتہ صدف

عبدالکریم آزاد 20 اکتوبر 2017

:: کشتہ صدف سنیاسی کے سینے کا راز

صرف حکماء کے لیے ناتجربہ کار دور رہیں

تیلیہ دونوں قسم ایک ایک تولا

سم الفار سرخ

سم الفار زرد

رسکپور

ہر ایک ایک تولا

ورقیہ

مینسل

گندھک

پارہ

ہر ایک دو دو تولا

چونہ ان بجھ ایک کلو کو تین کلو پانی میں بھگو دیں روزانہ لکڑی اندر پھرتے رہیں چار دن بعد ذلال لیں

پارہ گندھک کی کجلی بنا کر الگ رکھیں

باقی سب اجزاء کو کھرل کر کے یکذات کریں اب سٹیل کے برتن میں ڈالکر ہلکی آگ پر رکھیں اس پر چونہ کے ذلال کے چو یہ دیں سب پانی ختم کریں یہ سب چیزیں موم بن جائیں گی ٹھنڈا ہونے پر گندھک پارہ کی کجلی شامل کر کے اچھی طرح کھرل کریں یکذات کر کے بیضہ کے خالی خول میں ڈالکر اوپر دوسرا خول دیکر بند مضبوط گل کر کے گڑھے میں ڈیڑھ من تازہ لد گھوڑے کی ڈالکر درمیان میں بند دوا رکھ کر پندرہ روز رہنے دیں بعد نکال کر پندرہ دن باہر رکھیں پھر کھول کر اندر سرخ رنگ کا تیل ہو گا نکالیں

ایک تولا صدف مروارید کو اس تیل سے ہلکہ مالش کر کے چینی کے برتن میں بند گل کر کے پانچ کلو اپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اعلی درجہ کا کشتہ ہو گا

محفوظ رکھیں

استعمال خوراک :۔ خشخاص کے دانے برابر مکھن سے اوپر دودھ کا استعمال زیادہ کریں

فوائد:۔نامرد کو ایک سے دو خوراکوں میں کامل مرد بناتا ھے

دل دماغ جگر کو طاقت بخشتا ھے

عضو میں سختی پیدا کر کے امساک کو بڑھاتا ھے

۔سنیاسی سنبھو مل۔

۔عبدالکریم آزاد۔

معجون برائے لقوہ کانپنا

عبدالکریم آزاد 21 اکتوبر 2017

:: معجون برائے فالج لقوہ ہاتھوں کا کانپنا

لسہن دیسی آدھا کلو صاف کر کے ایک کلو گائے کے دودھ سے پکائیں جب دودھ ختم ہو تو اتار لیں اچھی طرح گھوٹ لیں

لونگ

جلوتری

جائفل

سیاہ مرچ

فلفل دراز

مصطگی رومی

دانہ الائچی کلاں

ہڑ کابلی کا چھلکا

آملہ

بلیلہ کا چھلکا

دار چینی

سونٹھ

عقر قرحہ

ہر ایک ایک تولا سب کا باریک سفوف بنالیں

شہد ڈیڑھ کلو

دیسی گھی گائے کا سو گرام

سب اجزاء مکس کر کے ہلکی آگ پر ایک جوش دیکر اتار لیں

کسی شیشہ کے برتن میں محفوظ رکھیں

استعمال خوراک بڑوں کے لیے ایک ایک چمچ صبح خالی پیٹ رات کو سوتے وقت

۔فوائد:۔ فالج لقوہ ہاتھوں کا کانپنا بلغم ریشہ نزلہ زکام مرگی میں مفید ھے

نوٹ:۔ فالج کے مریض دوران دوا نہانے سے پرہیز کریں

چنبل داد

عبدالکریم آزاد 23 اکتوبر 2017

:: لیپ چنبل داد کے لیے

هڑتال ورقیہ

گندھک

پھٹکڑی

تینوں ھم وزن کو باریک کھرل کرکے لسھن یا مولی کے پانی سے پیسٹ بنا کر متاثرہ جگہ پر لگانے سے جلد فائدہ ہو جاتا ھے

سفوف معدہ

عبدالکریم آزاد 24 اکتوبر 2017

:: سفوف معدہ

تخم مولی چار تولا

دانہ الائیچی کلاں تین تولا

دونوں کا باریک سفوف بنالیں

استعمال خوراک نصف گرام سے ایک گرام تازہ پانی سے

فوائد گیس بد ھضمی ریاح درد گردہ میں بیحد مفید ھے

گھنٹیا جوڑوں کا درد

عبدالکریم آزاد 25 اکتوبر 2017

:: گنٹھیا کے لیے

ایک عدد جھنگلی کبوتر کو ذبح کرکے اس کا پیٹ بلکل صاف کریں پانی سے اچھی طرح دھوئیں اور کچھ دیر کے لیے الٹا لٹکا دیں تا کہ سب پانی نکل جائے جب مکمل صاف ہو تو اس کا پیٹ سیاہ مرچ سے مکمل بھر لیں پھر اس کو کسی لوہے کی باریک تار سے مضبوطی سے سی لیں پھر اس کو گائے کے دیسی گھی میں بریاں کریں جب بلکل پک کر سرخ ہو جائے تو اتار لیں

اب سے مرچ نکالکر گوشت کو بھی ھڈیوں سے الگ کر کے نکالیں پھر مرچ اور گوشت کو کوٹ لیں بس تیار ھے

استعمال خوراک ایک گرام سے دو گرام ہر کھانے کے ساتھ دن میں دو سے تین مرتبہ

فوائد:۔ گنٹھیا فالج لقوہ میں بیحد مفید ھے

سفوف جریان وسرعت انزال

عبدالکریم آزاد 28 اکتوبر 2017

سفوف دافع جریان سرعت ذکاوت

حس

سروالی چار تولا

تالمکھانہ صاف تین تولا

سمندر سوکھ تین تولا

سنگھاڑا پانچ تولا

خارخشک تین تولا

مصری بارہ تولا

ان سب کا سفوف بنالیں

استعمال خوراک نصف گرام صبح شام دودھ سے

:: سفوف دافع ذکاوت حس

مغز دھنیا پانچ تولا

سیاہ مرچ ایک تولا

کشتہ صدف ایک تولا

کافور پانچ گرام

دھنیا اور مرچ کا سفوف بنا کر اس میں کشتہ اور کافور مکس کر کے پانچ سو ملی گرام کے کیپسول بھر لیں دو صبح دو شام پانی سے

نوٹ:۔ کشتہ صدف ایک بوتل عرق گلاب سہ آتشیہ سے کھرل کیا ہوا شامل کریں